تعارف کتب

☆ **۱-شعور قرآن، ۲-شعور حدیث**، محمد عبداللہ عنیف۔ ناشر: ادارہ تعمیر انسانیت ٹرسٹ، کراچی۔ ملنے کا پتا: فضلی سنز، سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: (۱) ۲۹۲، (۲) ۲۴۴۔ قیمت: (۱) ۹۰ روپے، (۲) ۸۵ روپے۔ [۱-شعور قرآن قرآن مجید کی بنیادی تعلیمات پر مشتمل ۱۲ دروس قرآن کا مجموعہ۔ آیات کا انتخاب بھی ایک خاص حکمت سے کیا گیا ہے۔ آیات، احادیث اور واقعات سیرت پر مبنی یہ ایمان افروز، عام فہم درس، قرآن فہمی کے لیے مفید، موثر اور متاثر کن ہیں اور مربی حضرات، درس قرآن کے حلقوں اور اسکولوں کے صبحی خطبات کی ایک اہم ضرورت پوری کرتے ہیں۔ تعمیر سیرت کے انفرادی و اجتماعی تقاضے، نیز اسلامی معاشرے کی خصوصیات اور تعمیر کے لیے رہنمائی۔ ۲-شعور حدیث، ۲۰ منتخب احادیث مبارکہ کی قرآن و سنت کی روشنی میں دل نشیں تشریح۔ موضوع سے متعلق آیاتِ قرآنی، دیگر احادیث اور واقعات کا بیان کتاب کی انفرادیت ہے۔ حدیث فہمی اور اطاعتِ رسولؐ و حبِ رسولؐ کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے ایک مفید کتاب۔ تحریکی اور دعوتی مقاصد کے پیش نظر انتخاب حدیث۔ اس ضمن میں مفید اضافہ۔]

☆ **اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی قرارداد مقاصد میں وائرس**، مہندس محمد اکرم خان۔ ناشر: ج-۴۶، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ صفحات: ۳۰۸۔ قیمت: بلامعاوضہ۔ [مصنف نے یہ انوکھا نظریہ پیش کیا ہے کہ قرارداد مقاصد میں حکومتی اختیارات کو استعمال کرنے والوں کے لیے 'پاکستانی لوگوں کی قوم' کے الفاظ کا استعمال دوقومی نظریے کی نفی کے مترادف ہے اور ایک سیکولر وطن یا ریاست ہونے کی دلالت کرتا ہے۔ وہ اسے وائرس قرار دیتے ہیں اور اسی 'وائرس' کی وجہ سے وطن عزیز ۱۹۷۱ء میں دولخت ہوا۔ تاہم، مصنف ایک مخلص مسلمان اور پاکستان کے سچے بہی خواہ نظر آتے ہیں۔]

☆ **Comparative Study of Hadd-e-Zina Ordinance 1979 with Pakistan Penal Code**، تحقیق و تصنیف: ویمن ایڈ ٹرسٹ پاکستان، مکان ۳۶، گلی ۲، ۱۰/۳-جی، اسلام آباد۔ صفحات: ۸۴۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [اس تقابلی مطالعے میں حدود و حدِ زنا آرڈی ننس ۱۹۷۹ء پر کیے جانے والے اعتراضات کا معروضی جائزہ لیا گیا ہے۔ یہ چار وکلا کی تحقیقی کاوش ہے جسے ویمن ایڈ ٹرسٹ نے شائع کیا ہے۔]